انور جمال

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ

اے راہروان شوق کے سالارِ معرفت
تو معنی سلوک ہے تو انشراح دین

تیری زباں نے کھولے ہیں اسرارِ معرفت
روشن تیری نگاہ سے ہے منزلِ یقین

تیرے قلم سے پھوٹے ہیں انوارِ معرفت
ہر ذرہ آفتاب کے انوار کا امین

یعنی تو وجہ گرمئی بازارِ معرفت
گردوں تیرے وجود سے ملتان کی زمین

تقدیس کی لغت میں خدا کا ولی ہے تو
گلیوں کا حُسن ، شہر کا انداز تجھ سے ہے

دیباچہ حیات کا حرف جلی ہے تو
اس خطہٗ زمین کا اعزاز تجھ سے ہے

گفتار میں عرب کی بلاغت لئے ہوئے
تربت ہے تیری زندگی آثار اس لئے

کردار میں عرب کی جلالت لئے ہوئے
وجہٗ سکون ہے تیرا دربار اس لئے

سوچوں میں سوز شمع خلافت لئے ہوئے
لکھتا ہوں تیری شان میں اشعار اس لئے

دھڑکن میں ساز عشق رسالت لئے ہوئے
تو عشق مصطفیٰ میں ہے سرشار اس لئے

ایسا فقیر ، امیرِ شریعت کہیں جسے
میرا نسب یہی ہے یہی میرا نام ہے

اک مرد صد صفت کہ جماعت کہیں جسے
جو عاشقِ رسول ہے میرا امام ہے

الغازی مشینری سٹور

ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن ، سپیئر پارٹس
تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں

بلاک نمبر 9، کالج روڈ۔ ڈیرہ غازی خان فون: 0641-462501